## قواعد وضوابط برائے حصولِ مساوی(Equivalence Certificate) ہایئر سکینڈری سکول لیول(HSSC)

## (ان میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ)

انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین(IBCC)، اسلام آباد، منسٹری آف فیڈرل ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ٹریننگ، گورنمنٹ آف پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر F.7-1/2007-IBCC/lmp/174/18/2022 مورخہ 12.12.2022 اور 15.12.2022 کے تحت پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے درج ذیل کورسز کو ہایئر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ(HSSC) میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ کے مساوی قرار دیا گیا ہے:

i- میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی ii- میڈیکل امیجنگ اینڈ ریڈیو گرافک ٹیکنالوجی iii- آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی iv- آفتھیلمک ٹیکنالوجی

v- فزیوتھراپی ٹیکنالوجی vi- ڈینٹل ہائیجین vii- کارڈک ٹیکنالوجی viii- ڈسپنسنگ ٹیکنالوجی **(سیشن 2024-2022 سے)**

## قواعد وضوابط:

### تعلیمی اہلیت میٹرک رکھنے والے امیدواران

(الف)۔ ایسے امیدواران جن کے پاس پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا اوپر دیئے گئے **دوسالہ ڈپلومہ** جات میں سے کوئی بھی پاس شدہ ڈپلومہ ہو وہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ کی بنیاد پر IBCC Islamabad میں اپلائی کریں گے اور IBCC ان کو انٹر میڈیٹ کے لازمی مضامین (انگلش، اردو، اسلامیات یا Ethics برائے غیر مسلم امیدواران) میں Appear ہونے کا اجازت نامہ جاری کرے گا جس کے بعد امیدوار پورے پاکستان میں کسی بھی تعلیمی بورڈ کے سالانہ امتحانات کے دوران ان لازمی مضامین کے لیے Appear ہو سکے گا۔ لازمی مضامین کا امتحان پاس کرنے کے بعد امیدوار اپنے میٹرک کے رزلٹ کارڈ اور انٹر میڈیٹ کے لازمی مضامین کے رزلٹ کارڈ کی Verification متعلقہ تعلیمی بورڈ سے خود کروانے کا پابند ہو گا جس کی Verification کو امیدوار متعلقہ تعلیمی بورڈ کی طرف سے جاری کردہ Sealed Envelope میں IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا۔ جبکہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ کی Verification کے لیے امیدوار پاس شدہ ڈپلومہ کی کاپی بمعہ متعلقہ فیس کے اپنے باقی ماندہ ضروری کاغذات کے ساتھ IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا جس کی Verification کے بعد IBCC امیدوار کو متعلقہ میڈیکل ٹیکنالوجی میں Equivalence Certificate جاری کرے گا۔

(ب)۔ ایسے امیدواران جن کے پاس پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا **دوسال سے کم مدت کا ڈپلومہ** ہو، ان کے لیے پنجاب میڈیکل فیکلٹی Core Course کا اضافی امتحان منعقد کرے گی جس کے بعد پنجاب میڈیکل فیکلٹی پاس شدہ امیدواران کو دوسالہ ڈپلومہ کے متوازی سرٹیفیکیٹ جاری کرے گی۔ بعد ازاں وہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے دوسالہ متوازی سرٹیفیکیٹ کی بنیاد پر IBCC Islamabad میں اپلائی کریں گے اور IBCC ان کو انٹر میڈیٹ کے لازمی مضامین (انگلش، اردو، اسلامیات یا Ethics برائے غیر مسلم) میں Appear ہونے کا اجازت نامہ جاری کرے گا جس کے بعد امیدوار پورے پاکستان میں کسی بھی تعلیمی بورڈ کے سالانہ امتحان کے اندر ان لازمی مضامین کے لیے Appear ہو سکے گا۔ لازمی مضامین کا امتحان پاس کرنے کے بعد امیدوار اپنے میٹرک کے رزلٹ کارڈ اور انٹر میڈیٹ کے لازمی مضامین کے رزلٹ کارڈ کی Verification متعلقہ تعلیمی بورڈ سے خود کروانے کا پابند ہو گا جس کی Verification کو امیدوار متعلقہ تعلیمی بورڈ کی طرف سے جاری کردہ Sealed Envelope میں IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا۔ جبکہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ کی Verification کے لیے امیدوار پاس شدہ ڈپلومہ کی کاپی بمعہ متعلقہ فیس کے اپنے باقی ماندہ ضروری کاغذات کے ساتھ IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا جس کی Verification کے بعد IBCC امیدوار کو متعلقہ میڈیکل ٹیکنالوجی میں Equivalence Certificate جاری کرے گا۔

### تعلیمی اہلیت انٹر میڈیٹ (FA, F.Sc Pre-Engineering, I.Com, ICS, etc.) رکھنے والے امیدواران

(الف)۔ ایسے امیدواران جن کے پاس پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا **دوسالہ ڈپلومہ** ہے وہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ اور انٹر میڈیٹ سرٹیفیکیٹ کی بنیاد پر IBCC میں Equivalence کے لیے اپلائی کریں گے۔ ایسے امیدواران انٹر میڈیٹ کے لازمی مضامین میں دوبارہ Appear نہیں ہونگے۔ **البتہ** امیدوار اپنے میٹرک کے رزلٹ کارڈ اور انٹر میڈیٹ رزلٹ کارڈ کی Verification متعلقہ تعلیمی بورڈ سے خود کروانے کا پابند ہو گا جس کی Verification کو امیدوار متعلقہ تعلیمی بورڈ کی طرف سے جاری کردہ Sealed Envelope میں IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا۔ جبکہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ کی Verification کے لیے امیدوار پاس شدہ ڈپلومہ کی کاپی بمعہ متعلقہ فیس کے اپنے باقی ماندہ ضروری کاغذات کے ساتھ IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا جس کی Verification کے بعد IBCC امیدوار کو متعلقہ میڈیکل ٹیکنالوجی میں Equivalence Certificate جاری کرے گا۔

(ب)۔ ایسے امیدواران جن کے پاس پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا **دو سال سے کم مدت کا ڈپلومہ** ہے، ان کے لیے پنجاب میڈیکل فیکلٹی Core Course کا اضافی امتحان منعقد کرے گی جس کے بعد پنجاب میڈیکل فیکلٹی پاس شدہ امیدواران کو دو سالہ ڈپلومہ کے متوازی سرٹیفیکیٹ جاری کرے گی۔ بعد ازاں وہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے دو سالہ متوازی سرٹیفیکیٹ اور انٹرمیڈیٹ سرٹیفیکیٹ کی بنیاد پر IBCC میں اپلائی کریں گے۔ ایسے امیدواران انٹرمیڈیٹ کے لازمی مضامین میں دوبارہ Appear نہیں ہونگے۔ **البتہ** امیدوار اپنے میٹرک کے رزلٹ کارڈ اور انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈ کی Verification متعلقہ تعلیمی بورڈ سے خود کروانے کا پابند ہو گا جس کی Verification کو امیدوار متعلقہ تعلیمی بورڈ کی طرف سے جاری کردہ Sealed Envelope میں IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا۔ جبکہ پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ڈپلومہ کی Verification کے لیے امیدوار پاس شدہ ڈپلومہ کی کاپی بمعہ متعلقہ فیس کے اپنے باقی ماندہ ضروری کاغذات کے ساتھ IBCC Islamabad میں جمع کروائے گا جس کی Verification کے بعد IBCC امیدوار کو متعلقہ میڈیکل ٹیکنالوجی میں Equivalence Certificate جاری کرے گا۔

**نوٹ:۔ IBCC کے فیصلہ کی روشنی میں ڈسپنسنگ ٹیکنالوجی میں Equivalence کے لیے صرف پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے تعلیمی سیشن 2022-2024 سے رجسٹرڈ اور پاس ہونے والے امیدواران ہی اہل ہونگے۔ پہلے سے پاس شدہ ڈسپنسرز امیدواران پر ڈسپنسنگ ٹیکنالوجی میں Equivalence کا اطلاق نہ ہو گا۔**

## Equivalence کے لیے اپلائی کرنے کا طریقہ:

۱۔ Equivalence کا فارم https://ibcc.edu.pk/wp-content/uploads/2022/07/E1-Pak-1.pdf لنک سے ڈاؤن لوڈ کریں اور Fill کریں۔

۲۔ IBCC Equivalence for HSSC (Higher Secondary School Certificate) کی فیس جمع کروانے کے لیے https://services.ibcc.edu.pk لنک سے مبلغ 4000 روپے کا فیس چالان Online Generate کریں اور نیشنل بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کروا کر رسید کی IBCC Copy حاصل کریں۔

۳۔ Equivalence From کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات IBCC Islamabad کے دفتر **"پلاٹ نمبر 25، سٹریٹ 38، سیکٹر G-10/4 نزد فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، اسلام آباد"** ارسال کریں یا ذاتی طور پر جمع کروائیں۔

- نیشنل بینک میں جمع کروائی گئی Equivalence Fee کی IBCC Copy کی رسید
- مبلغ -/1418 روپے بطور PMF Verification Fee کا اصل بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام "سیکرٹری، پنجاب میڈیکل فیکلٹی، لاہور"
- پنجاب میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ دو سالہ ڈپلومہ کی کاپی
- میٹرک رزلٹ کارڈ / سند کی Sealed Envelope میں متعلقہ تعلیمی بورڈ سے کروائی گئی ویریفیکیشن
- پہلے سے انٹرمیڈیٹ میں پاس شدہ امیدواران کی انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈ / سند کی Sealed Envelope میں متعلقہ تعلیمی بورڈ سے کروائی گئی ویریفیکیشن
- شناختی کارڈ کی کاپی

**ڈاکٹر احمد ندیم**
**سیکریٹری**
**پنجاب میڈیکل فیکلٹی ،لاہور**